

This PDF you are browsing is in a series of several scanned documents containing the collation of all research material of Prof. Kul Bhushan Mohtra ji.Mohtra ji is currently the State Incharge Library and Documentation Department, J&K BJP Headquarters, Nanaji Deshmukh Library..This material was gathered while he was working on his multiple books on J&K History.All this rare material is now offered to the Community freely.

CV:

Kul Bhushan Mohtra was born on 9th Sep, 1957 in a village Amuwala in Kathua district.

Matric from BOSE, Jammu and Adeeb from AMU. Has been awarded Honorary Professor by School of Liberal Art & Languages, Shobhit University, Gangoh, Distt. Saharanpur, U.P.

Director General, Raja Ram Mohan Roy Library Foundation nominated him as his nominee in the Committee for purchasing of Books for UT Jammu & Kashmir. Incharge of Nanaji Deshmukh Library & Documentation Department at BJP state HQ in J&K.

Actively engaged in political, social, charitable and religious activities. Always striving to serve the poor and downtrodden of the society.

Main works-

A saga of Sacrifices: Praja Parishad Movement in J&K

100 Documents: A reference book J&K, Mission Accomplished

A Compendium of Icons of Jammu & Kashmir & our Inspiration (English)

Jammu Kashmir ki Sangarsh Gatha (Hindi)

2 l

EXERCISE NOTE BOOK

Paper Orient Bajaj Nagar

GATTA : 14 QZ

SIZE : 50 x 75

Pages : 144 Price : 12-00

WET. 58 GRAM

Subash Singh Samba [illegible] 99060 33483 [illegible]

S/o Karnail Singh [illegible] Kulbir Singh Sangral Sanik [illegible]

ہم نے تقریباً بیس سال سے پہلے مسلم کانفرنس کے نام سے پھر نیشنل کانفرنس کے نام سے سینکڑوں قربانیاں
دے کر آزادی آزاد رہنے کیلئے حاصل کی تھی کسی کے غلام بننے کیلئے نہیں دفعہ 370 جس کے تحت مرکزی
سرکار کے پاس ریاست کے بارے میں صرف تین ہی اختیارات ہیں ایک بدیشی طاقت
سے ریاست کی حفاظت دو بدیشی معاملات تین سنچار کا محکمہ نہ یہاں سپریم کورٹ
کا کوئی دخل ہے نہ ہی الیکشن کمیشن کا دائرہ اختیار ہٹنے کے لیے فنڈ ادا نہ کرنے
مرکز کی ذمہ داری ہے ہمارے کو یہاں اور کیسے خرچ کیا گیا یہ پوچھنے کا کوئی حق نہیں
راشٹرپتی ہماری ریاست پر گورنر مقرر نہیں کر سکتا یہاں صدر ریاست ہوگا جو ہماری
اسمبلی چنے گی راشٹرپتی کا صدر ریاست پر کوئی کنٹرول نہیں ہوگا ریاست کے باہر کا کوئی
I.A.S یا I.P.S افسر مرکز یہاں نہیں مقرر کر سکتی ریاست کا اپنا ودھان ہوگا
اپنا ہی نشان ہوگا اور یہاں اپنا ہی پردھان یعنی پرائم منسٹر ہوگا ہم اپنی ریاست کے خود مالک
ہیں اور خود ہی مالک رہیں گے ہم کشمیری خود مختار ہیں اور ہماری خود مختاری قائم رہیگی
یہ تھی وہی تقریر ۱۷ جون 1953 کی اس کو اخبار خدمت میں پڑھ کر بیکلی جو شیخ عبداللہ
نے جامع مسجد میں پبلک کے سامنے کی تھی کچھ سپاہیوں کی زبانی یہ بھی سنا کہ بخشی غلام محمد
جو ریاست میں ڈپٹی پرائم منسٹر ہیں وہ شیخ کے ساتھ منچ سٹیج پر نہیں بلکہ زمین پر دیگر جنتا
کی طرح بیٹھا تھا اس سے صاف ظاہر ہوتا تھا کہ شیخ اور بخشی کے درمیان کچھ اختلافات
ہیں شاید شیخ ریاست کا خود مختار نواب بننے کا خواب دیکھ رہے ہیں ۱۹ جون 1953
آج پھر بہت ہی بارش ہونے سے موسم بڑا اچھا و سہانا لگ رہا ہے مگر ہمارے ساتھی جو سنگین کوٹھڑیوں
میں بند ہیں نہ ہی ان کو روشنی اور نہ ہی ہوا میسر ہوتی تھی آج خدمت اخبار کا
پرچہ جو ہم دفعہ 3 کے تحت نظر بند قیدیوں کو سپیشل کلاس ملنے کی وجہ سے ملنے لگا تھا
پڑھا جس میں کشمیر میں بدلتے ہوئے حالات کے تحت بہت سی گرفتاریاں

ہونی شروع ہوگئیں ہیں پھر رہی ہیں۔ مجھے کچھ لوگ پولیٹیکل کانفرنس کے جھنڈے لے کر جلوس نکال کر گرفتار ہوتے جا رہے ہیں ہندوستان کی فوج واپس لے جاؤ بلکہ ہندوستان کو بھگا دو رہا ہے۔ سب مارنے نعرے کرائی جا رہی ہیں نہیں چاہیے ہندوستان کی فوج اور ہندوستان کا روپیہ جو لوگ پکڑے گئے ان میں غلام محی الدین قرہ، عبداللطیف اور محمد امین نظامی کے نام قابل ذکر ہیں۔ اس قسم کے نعرے شیخ نے آج سے ۱۱ روز پہلے جمعہ کی نماز میں جامع مسجد میں لگائے تھے۔ اسی دن بخشی غلام محمد کا بھی ایک بیان اخبار میں آیا تھا کہ جو لوگ جب کشمیر چاروں طرف سے دشمن سے گھرا ہوا تھا اور اب بھی گھرا ہوا ہے آزادی کے خواب دیکھ رہے ہیں یا تو وہ خود پاگل ہیں یا جنتا کو پاگل بنانے کی کوشش میں لگے ہیں۔

18 مئی

جب پولیٹیکل کانفرنس والے اس قسم کے نعرے دینے لگے ادھر شیخ نے بھی بھارت کے خلاف بیان دینے شروع کئے حالت دن بدن خراب ہونے لگی۔ ~~[illegible]~~ ۵ مارچ ۴۸ ہم لوگ راجوری کے رہنے والے ہیں یہیں سے بات شروع کرنے لگا ہوں۔ اندر پرکاش جی میرپور نوشہرہ میں سال ۴۷ کے لگ بھگ جب میرپور میں پاکستان کی شہ پر قبائلی لوگوں نے داخل ہو کر قتل و غارت شروع کر دیا تو یہ ہندو لوگ وہاں سے جان بچا کر بھاگے اب نوشہرہ میں آباد ہیں سال ۴۷ میں میرپور اور راجوری میں ان لوگوں پر کیا بیتی اس کی کہانی بالتفصیل انہوں نے سنائی ان پر کئے گئے اتیاچار اور دل ہلا دینے والی داستان کو سن کر سب کی آنکھوں میں آنسو آگئے ہم سب کے رونگٹے کھڑے ہو گئے چونکہ یہ داستان کافی لمبی اور درد بھری ہے میں کوشش کروں گا کہ اس سارے واقعے کو بالتفصیل آپ لوگوں کے سامنے پیش کروں جیسا کہ مجھے اس دوست کی زبانی معلوم ہے میں وعدہ کرتا ہوں کہ

پہرہ دار میں بیٹھ کر ظلم کی پوری کہانی آپ لوگوں کے سامنے پیش کر دیتا ابھی شہری اندر پیر تاش
کی بات جاری ہی تھی کہ جیل میں کوئی نئی بات ہوتی دکھائی دینے لگی جیل کا سارا سٹاف
اور پہرہ دار دوڑنے لگے پہلے ہم سب کے سب قیدیوں کو ایک دم بیرکوں میں بند کر دیا اور جو چار
لوگ بندی صاف کرنے کے لئے کچن میں گئے تھے ان کو بھی ایک دم کچن سے نکال بیرکوں میں
لا کر بند کر دیا گیا کسی بھی آدمی کو باہر نکلنے کی اجازت نہیں تھی دیکھا کھڑکیوں سے دیکھا
پہرہ دار اور دارو غہ ان لوگوں کو سب باتیں اور بگل ڈھنڈورا تھا جیل کے بڑا پھاٹک اسٹے باہر
جا رہے ہیں ایسے جان پڑتا تھا مانو جیل کے باہر ایک اور جیل بنائی جا رہی ہے یہ سارا
سامان شاید دوسری کسی اور جیل کے قیدیوں کے لئے جا رہا ہے یہ بھی خبر ملی کہ کٹھوعہ میں
پولیٹکل کانفرنس والوں کے جلوس اور [illegible] جن میں بھارت کے خلاف نعرے لگائے جا رہے
نعروں کی وجہ سے جو تھوڑے بہت سپاہی یہاں دوسری ریاستوں سے آئے تھے وہ واپس
واپس جانے شروع ہو رہے ہیں آج لال سنگھ اینڈ سنز [illegible] کے اندو مالکم۔ سردار سنگھ
جے دیو سنگھ تو ڈوگرہ [illegible] سالانہ [illegible] والے اپنی دیش [illegible] واپس جموں جا رہے ہیں انہوں
نے کر دیا پہلے بہت شور مچایا مگر ان کی آواز کسی نے نہیں سنی شام کو پتہ چلا کہ دلی سے کچھ
لوگ اور دعا [illegible] شنکر ترپاٹھی وغیرہ سری نگر عدالت میں ڈاکٹر [illegible] کا کیس لڑنے کے لئے
آئے ہیں 8 ساڑھے آٹھ بجے تک ساتھ بیٹھے [illegible] بڑا [illegible] میلہ لگتا ہے جس میں
شروع ہو گیا بڑی بڑی دور (دور سے) پنجاب اور پشاور تک کے لوگ [illegible] بابا کو دیا کی
سمادھ پر [illegible] ٹیکنے آیا کرتے تھے مگر اب وہ رونق نہیں ہوتی۔ یہ روزنامہ اخبار خدمت
سے پتہ لگا تھا کہ شیخ کا [illegible] سرکار کے خلاف بیان دینے سے کشمیری پنڈتوں کے دلوں
میں بھی خوف طاری ہو رہا تھا۔ جس کی وجہ سے پنڈت سپاہی ایک دم بدلنے لگے اور پہلے
ہم لوگوں سے بڑی بدتمیزی سے پیش آتے تھے اب بڑے پیار اور ہمدردی سے

بات چیت کرنے لگے ایک دو سپاہی نے تو یہاں تک کہا اب ہمارا کیا بنے گا لیکن ہاں تو یہ
اندازہ ہو گیا آپ شیخ کی تانا شاہی کے خلاف کر رہے ہیں ہم دلی طور آپ کے ہمدرد ہیں
سے متفق ہیں یہ ہے ہم کشمیری پنڈتوں کی آبادی کشمیر وادی میں بہت تھوڑی ہے
لیکن اب شیخ جو تو اب بننے کا خواب دیکھ رہا ہے جس طرح اس نے ڈوگرہ راج کو ختم کر دیا
وہ ہم کشمیری پنڈتوں کو بھی کشمیر میں نہیں رہنے دیگا ہم [illegible]
ہم سپاہی ہوتے ہوئے آپ کی کچھ امداد کرنا چاہیں تو بھی نہیں کر سکتے کیونکہ ہمارے اوپر
کے تمام حاکم مسلمان ہیں۔ ان کی باتیں سن کر میں دل ہی دل میں سوچنے لگا کہ کشمیری پنڈتوں کا
کیا بنے گا سوچ ان کی حالت پر رحم بھی آیا لیکن کر سکتے تھے۔ سپتال کے 2 کمرے میں
اور کمرے کے ساتھ ایک چھوٹا سا کمرہ اور بھی تھا ایک دن میری نظر اٹھی دیکھا اس
کمرے میں 2 بے جان لاشیں پڑی ہیں معلوم ہوتا ہے یہاں پڑی سڑ رہی ہیں پوچھا تو پتہ لگا
دو بے جان لاشیں ہی ان میں کچھ حرکت ہوئی تو جان پڑا یہ لاشیں نہیں زندہ انسان ہیں
بدن کے روئیں کھڑے ہو گئے ان میں سے ایک مظفرآباد کا مسلم قیدی ہے جو 1947 میں
حملہ کرنے والے حملہ آوروں میں سے گرفتار کیا گیا تھا بہت بھیانک چہرہ دیکھ کر ایسا زمانہ
لگتا کہ یہ کبھی ہٹا کٹا نوجوان ہوگا جیسا کہ اس کے ہڈیوں کے ڈھانچے کو دیکھ اندازہ لگایا
جا سکتا تھا اس کے چہرے پر بڑی بڑی داڑھی اور آنکھیں جنہیں دیکھ انسان پر دہشت طاری
ہو جاتی تھی لیکن اب وہ اٹھ بھی نہیں سکتا آتشک جیسے [illegible] نامراد مرض کے کارن اس کے
ٹانگ پیر میں زخم ہو کر اس سے لگاتار پیپ بہہ رہی ہے اور اس کے پورے جسم پر
مکھیاں بھنبھنا رہی ہیں اس کمرے میں بدبو اتنی کہ وہاں کھڑا بھی نہیں ہوا جاتا
نہ معلوم کب سے بستر پر پڑا ہوا تھا کی کھڑکیاں لگی رہی ہیں۔ ہے اس کے ساتھ ایک کشمیری
مسلمان قیدی بھی بستر پر پڑا ہے جو ٹی بی کے مرض سے ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ گیا ہے

وہ بھی کسی ایسی ہی بیماری کا شکار رہے دونوں بڑی مایوس نظروں سے پہرہ داروں کو دیکھتے

رہتے ہیں مجھے ان کو دیکھ کر بڑی حیرانی ہوتی کہ ان دونوں کی جان نہ معلوم کتنی بے شرم ہے جو اس

سڑے گلے ڈھانچے کو بھی نہیں چھوڑنا چاہتی - میں نے ایک دن چیف سے کہا بہتر ہے آپ ان دونوں

کو اٹھا باہر سڑک پر چھوڑ دیں تو قانون کا کیا بگڑے گا ہو سکتا ہے کہ باہر سڑک پر لاوارث

دیکھ کر کوئی ان کا علاج کروا سکے اور ان کی جان بچ جائے چیف نے کہا قانون میں اس بات

کی اجازت نہیں دیتا اتنا کہہ کر چیف چلا گیا میں نے سوچا یہ تو باہر نہیں جا سکیں گے مگر ان کی

لاشیں ایک دن ضرور باہر جائیں گی۔ میں نے کبھی آج تک کسی ڈاکٹر یا کمپونڈر کو بھی

ان کی طرف جاتے نہیں دیکھا یہ ہے انسان کا بنایا قانون جس کی نظروں میں ایک لاچار

انسان کی جان کی قیمت ایک سڑے گلے پھل کے سمان ہے جب کہ یہ جان دنیا بھر کی دولت خرچ

کرنے پر بھی نہیں مل سکتی۔ 9 مارچ کو میرزا اور بختی اکھڑ والا دونوں آپس میں

کسی ذرا سی بات پر لڑنے لگے بات تو کوئی خاص نہیں تھی مگر بیکار بیٹھے بیٹھے بڑا آدمی چڑچڑا

ہو جاتا ہے جیسے غلام محمد شفیع نے دونوں کو پکڑ الگ الگ سنگین کوٹھری میں بند کر دیا

شام کو جب چیف آیا تو پتہ لگتے ہی اس نے بختی کو سنگین کوٹھری سے باہر نکلوا

دیا اور میرزا کو بھی نکلوا کر دوسری بیرک میں داخل کروا دیا گیا۔ آج کچھ اور سیاسی

قیدی سنگین کوٹھریوں سے نکال کے اسی بیرک میں لائے گئے ان میں ایک تو

کفیل لبریشن کے قائد پونچھ کے - دھیان سنگھ نے بتایا 25 تاریخ کو کانگریس بلا عمر کفیل لبریشن

میں بہر حال بیرسٹر کا جلسہ ہو رہا تھا اس میدان میں جو ہمارے بیرک کے سامنے ہے جنتا بیٹھی جلسہ سن

رہی تھی ایسے ہی رہی ہوتی تو ایک دم پولیس نے بنا کسی وارننگ کے جلسہ سن رہی

جنتا پر ایک دم لاٹھیاں برسانی شروع کر دیں لوگوں کو بھاگنے کا موقع بھی نہیں دیا

سینکڑوں کے قریب لوگ زخمی ہو گئے جن میں بچے اور بوڑھے بھاگتے ہوئے لوگوں کے پاؤں تلے
کچلے گئے بھاگتے ہوئے لوگوں کے پیچھے پولیس والے دھڑا دھڑ لاٹھیاں برسا رہے تھے
جو لوگ بازار سے دور دراز گاؤں سے سودا خریدنے آئے تھے وہ بھی لاٹھیوں کی
مار سے نہیں بچ سکے اس دن شام تک 33 آدمیوں کو پکڑ کے تھانہ میں حوالات میں
بند کر دیا رات کو چونی لال ایس ایچ او رنگیلا اور ملک نے مار مار ان لوگوں کو ادھ مرا
کر دیا بہت سے لوگ معافی مانگ پولیس کے شکنجے سے بچ کر گھر واپس چلے گئے مگر
ٹھاکر کاشی سنگھ کشن پور منوال سمہ چوہدری لال سنگھ سنگھ دروننگ نتھا سنگھ
سنگھ جنوٹ کلگت رام سنگھ کیرتا ۔ امر سنگھ ڈوڈولہ نے معافی نہیں مانگی ان لوگوں کی
ہر روز پٹائی ہوتی رہی [illegible] گاؤں جو ملاور سے کی جیل کے فاصلہ پر ہے
سویرے ۵ بجے میرے مکان کو پولیس نے چاروں طرف سے گھیر لیا اس رات ٹھاکر
سورن دیو سنگھ [illegible] لاٹھیاں والے پہرے گھر گھیرے ہوئے تھے پولیس کو کسی بھیدی کی
زبانی سورن دیو سنگھ کی میرے گھر پر ہونے کی خبر مل گئی ہوگی سورن دیو سنگھ نے بھاگنے کی
ہر چند کوشش کی مگر پکڑے گئے [illegible] ان کو تو حوالات لیجایا گیا مگر مجھے مار مار
ادھ مرا کر دیا میری ماں مجھے پٹتے دیکھ رونے لگی آ کر میرے اوپر لیٹ گئی
گوبخش سنگھ نائیک حلیما اور S.H.O ملک نے میری بوڑھی ماں پر بھی رحم نہیں کیا
لاٹھی کی مار سے میری ماں کا بازو ٹوٹ گیا یہ دیکھ میں برداشت نہ کر سکا جوش
میں آ کر رنگیلا ملک کی لاٹھی چھیننے کی کوشش کی S.H.O نے مجھے ایسے دیکھ زور دار ٹھوکر
مار مجھے پھر زمین پر گرا دیا اور میری زور دار پٹائی کی میں بیہوش ہو گیا ملک نے
کہا حرام زادہ بہانہ کرتا ہے اسکو گھسیٹ کر تھانہ میں لے چلو دو سپاہیوں نے مجھے ٹانگوں
سے پکڑ گھسیٹتے تھانے لے گئے ایک کنکر میری آنکھ میں لگ گیا میری آنکھ سوجھ گئی

چلی گئی جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں میری بیوی نے دوڑ کر کسی کے گھر میں شرن لی پولیس والوں
نے میرے گھر کو بہت بری طرح لوٹا مجھے مار پیٹ اور سپاہیوں کے لاٹھیوں کی یاد تازہ
ہو گئی پھر آئی جب مجھے ہوش آیا تو میری ٹانگوں سے لہو خون بہہ رہا تھا کسی نے بھی مجھے ڈاکٹر
کو دکھانے کی ضرورت نہیں جانی اس کے بعد میرے بیٹے ٹلہ رام سنت رام کو دونی چند ادھو رام
سچپن داس بگیر چند کے ساتھ پکڑ مار مار کے ان کو بھی حوالات میں بند کر دیا
ان سب کی رات بھر حوالات میں زور دار پٹائی ہوتی رہی ساری رات ان کی
چیخ چلانے کی آوازیں آتی رہیں جب کہ ان لوگوں کا اس اندولن سے کسی طرح کا
کوئی واسطہ نہیں تھا صرف اس لیے کہ وہ میرے رشتہ دار تھے سوائے ننگو چیرہ چیتا آدمیوں کو
میرے ساتھ ہی حوالات میں رکھا گیا تھا آنکھ پھوٹنے کے کارن مجھے بہت تکلیف تھی
میری خراب حالت دیکھ کر ڈاکٹر کو بلایا گیا ڈاکٹر نے آنکھ میں کنکر لگنے کے کارن اس کی آنکھ
ہمیشہ کے لیے چلی گئی ہے 18 روز بعد سب کو عدالت میں پیش کیا گیا عدالت نے
ہم سب کو چھ چھ مہینے کی بامشقت قید اور دو دو سو جرمانہ کی سزا سنائی کسی نے
مجھے بعد میں آ کر خبر دی کہ جرمانہ کی وصولی کے لیے میرے گھر سے پولیس والے میری بھینس
قرقی کر کے لے گئے ابھی وہ اتنا ہی کہہ پایا تھا کہ بوڑھے گلو کا گلا ایک دم بھر
زور سے بھیج رہا تھا

صفحہ 19

ابھی خطرے کا الارم زور سے بجا جس سے ساری جیل گونج اٹھی سپاہی ادھر ادھر دوڑنے
لگے ایک دم بھگدڑ مچ گئی تمام قیدیوں کو ایک دم بیرکوں میں بند کر دیا گیا ہم سب حیران
ہو گئے کہ کیا ہو گیا ہے کچھ پتہ نہیں چل سکا دس منٹ کے بعد پھر سے بیرک کھل گئی باہر نکل
کر دیکھا دکھائی دینے لگی جب کچھ پتہ ہی نہیں ہو ایک سپاہی کے زبانی خبر لگی کہ

کہ ایک قیدی جو دوسرے قیدیوں کے ساتھ جیل کے باہر لکڑیاں لینے گیا تھا سپاہیوں کی
آنکھ چرا کر بھاگ گیا۔ وہ قیدی روڑی کا رہنے والا تھا اور اسکو صرف چھ مہینے کی
سزا ہوئی تھی اب تک وہ ایک مہینہ کی سزا کاٹ چکا تھا جیل سے تو بھاگ گیا مگر
اسکی قسمت میں باہر کی دنیا کی ہوا نہیں لکھی تھی جیل قیدیوں کی وردی ہونے کے
کارن وہ سیول پولیس کے ہاتھوں پکڑا گیا اسکو جیل میں لا مار پیٹ کے سنگین کوٹھری
میں بند کر دیا دوپہر کو سب انسپکٹر امیر احمد اللہ ایک بڑا سا ٹوپ پہنے صاحب بنا
جیل کے سپاہیوں کو ساتھ لے جیل میں آیا یہ امیر احمد اللہ وہی جو ہمارا خیال ہے کبھی
بیمار نکڑوا رہے تھے جیل کے ایک کونے میں جا کر دیوار کا ناپ لینے لگا جیل والے
سپاہیوں نے بیان دیا کہ وہ بھاگنے والا قیدی یہاں کی دیوار پھاند بھاگا تھا یہ
بات عقل کے سے پرے دکھائی دیتی تھی کہ ایک معمولی قیدی جیل کی اتنی اونچی دیوار
پھلانگ کیسے پھاند سکتا ہے یہ ڈرامہ صرف اس لیے کیا جا رہا تھا کہ جیل والے سپاہیوں
پر کسی قسم کا جرم نہ بنے کہ کسی قیدی کے پاؤں میں بیڑیوں نہ ڈال باہر نہیں نکالا
جا سکتا امیر احمد اللہ نے جیل پولیس کا جھوٹا بیان لکھ چلا گیا 23 جون
آج کا دن پورے بھارت کے لیے دکھ بھرا تھا یہ پورا دن لگتا جا رہا تھا یدی آج
کا سورج نہ ہی نکلتا تو اچھا تھا آج تمام ستیہ گرہی قیدیوں کو سنگین کوٹھڑیوں
سے باہر لایا گیا ان لوگوں نے پورے 26 روز بعد ہوا اور روشنی دیکھی ان سب کے
چہرے بڑے عجیب دکھائی دے رہے تھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مانو پہلے زمانے کی بے جان
لاشیں چل پھر رہی ہیں سب نے ایک ہی بات بتائی کہ بشیر احمد خان اور محمد علی
دونوں تھانیداروں کے ہاتھوں کئی کئی بار پیار کی بہت بری طرح پٹائی ہوتی تھی ہمارا قصور
بس اتنا ہی تھا کہ ایک بار ہم نے کرنل رام ناتھ چوپڑا کے سامنے جیل والوں کی

ہم میں کئی مریض زیادتیوں کی شکایتیں کیں نہیں پانی نہ ملنے کی شکایت ڈاکٹر کا دوا نہ دینے کی شکایت
کہ وہ بیمار بار بار رونے چلانے کے بعد بھی ہمیں دیکھنے نہیں آتے کسی بھی بیماری کی دوائی
نہیں دیتا تھا بلکہ وہ ہمیں ٹیبلیٹ فوراً دینے کی بجائے کئی کئی بیمار ایک تا بھی بند کر دیتا تھا
ہم کو یقین تھا کہ جو لوگ ڈاکٹر کو کسی طرح کی رشوت دیتے تھے ان کو بیماری کی حالت میں مکھن
انڈے اور دودھ بھی ملتا تھا اگر آپ کو رشوت نہ ہو تو ڈاکٹر کے کمرے کی تلاشی
لو دیکھو ہم سے آپ کو مجھے شکایت ہوئی پہر پاکستان والے گھر کا نوٹ ملیگا وہ کیسے ملیگا
نے ڈاکٹر کو رشوت دے دیا تھا کہ میں کھانا نہیں کھا سکتا مجھے دونوں وقت ڈبل روٹی اور
دودھ دیا کرو ڈاکٹر نے کہا سو کا نوٹ پہلے دو تب ہی تمہارا کھانا بند ہو کر تم کو پورا
ایک مہینہ تک دودھ اور ڈبل روٹی لگائی جائے گی مگر چونکہ تمہارا نوٹ پورا نہیں ہے اس
لیے دو روز کے لئے تمہیں دودھ اور ڈبل روٹی ملے گی دونوں ٹائم ملا کر ملتی رہیگی مجھے معلوم
ہوا کہ ہم نے ڈاکٹر کو وہ نوٹ رشوت کے طور پر دے دیا تھا ٹرانزٹ کیمپ میں بیماری
ٹیسٹ کا ٹیسٹ سن چیک کے لئے ٹرانزٹ کر جانے کے بعد بیماری کی حالت ہوتی تھی وہ عینکوں
میں جانتا ہے جو لوگ زخم سنگین کر کے ہمارے اوپر ایک ایسے باہر ڈال دیئے جن میں ایک پیرا نرم
کا بیمار ایسا تھا جس کا سیپٹک ہو گیا تھا مجھے افسوس سے کہنا پڑا کہ میں رشوت ساتھی کا نام بھول گیا
پڑھنا جس کا نمبر پہلے ہی ہم رشوت کا نام لکھا تھا وہ یا تو کہیں گم ہو گیا یا چوری ہو گیا تھا میں آپ کو
پھر یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ہم نے تو پہلے پاس لکھ کر رکھی کوئی ڈائری تھی اور نہ ہی کوئی کاپی
باہر کیمپ میں یہاں بھی کاغذ کا ٹکڑا ملتا یا سگریٹ کا پیکٹ کسی کوڑے کے ڈھیر پر ملتا
میں سب کی نظر بچا کر رکھ لیتا رات جب سب سو جاتے میں یہ واقعات تاریخ وار نوٹ کر لیتا تھا
جیل سے باہر نکلتے وقت یہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو کہ یہ داستان لکھی جا رہی ہے ان کو
میں لیے ہوئے تھا کہ ٹرانزٹ کیمپ میں ہمارے پٹھان گارڈ کی نے ہمارا نمبر میں پھر جا کر

لوگوں پر جو گولی کانڈ بالکل جلیانوالہ باغ کی طرح ہوا تھا اس نے وہ تمام اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا
جو اس نے مجھے سنایا اس نے کہا ایک دن دوپہر 3 بجے کے قریب ہائر سیکنڈری سکول کے احاطہ میں
بخشی غلام محمد ڈپٹی پرائم منسٹر کے داری سل ڈ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس D.C کے ہم
اور سیدی مکی کیفیل دار کے علاوہ اور بھی بہت سے سرکاری ادھکاری بیٹھے ہوئے
تھے وہ اندولن کو دبانے کے بارہ میں بات چیت کر رہے تھے کہ اتنے میں چاروں طرف
سے جا بجا زندہ باد کے نعرے لگاتے جلوس سکول کی طرف آنے لگے D.C
نے جلوس روکنے کیلئے پولیس کو ٹیئر گیس چلانے کا آرڈر دیا پولیس والوں نے
ٹیئر گیس کے گولے جلوس پر چلائے مگر لوگوں پر ٹیئر گیس کا کوئی اثر نہیں ہو رہا تھا
لوگ ٹیئر گیس سے بچنے کیلئے ہاتھوں میں گیلے تولیے اور پانی کی بالٹیاں لیکر آگے بڑھتے
ہی آ گئے D.C کے اشارے پر پولیس نے بغیر کسی وارننگ کے یکدم گولی چلانی شروع کر دی
لوگوں نے بھاگنا شروع کر دیا 2 آدمی وہیں گولی لگنے سے مارے گئے کتنے زخمی ہوئے
کچھ پتہ نہیں چلا لوگ بھاگ بھاگ کر گھروں میں جا چھپے شام سے پہلے ہی D.C
نے کرفیو لگنے کا اناؤنس کر دیا کوئی بھی باہر دکھائی دیتا تو اسے گولی مار دی
جائیگی دونوں لاشیں وہیں سکول کے احاطہ میں پڑی رہیں رات آدھی کے بعد
کچھ نوجوان مرنے والوں کی لاشیں اٹھانے گئے تو وہاں کوئی لاش نہیں ملی
اور جہاں ان شہیدوں کا خون بہا تھا دیکھا وہ جگہ بھی پانی سے دھوئی
گئی تھی ایسا جان پڑا کہ یہاں کوئی مرا ہی نہیں ہو جی کسی طرح اردگرد کے مکانوں
میں رہنے والوں کی زبانی پتہ چلا کہ دونوں مرنے والوں کی لاشیں پولیس رات
کے اندھیرے میں آپ لوگوں کے آنے سے تھوڑی دیر پہلے ٹرک پر ڈال
جرنیلی سڑک کی طرف لے گئے ہیں ایک نوجوان دیہاتی لباس میں

جو جنگلی علاقہ میں ایک لکڑی کے بیوپاری کے ٹرک کی طرف چلا چلتے چلتے وہ
کالی باڑی 14 میل کے فاصلے پر کالی باڑی پہنچا رات تقریباً 3 بجے تھے
کالی باڑی گھوڑا گھاٹ سے 2 میل کے فاصلہ پر ہے وہاں ایک لکڑی کا ٹال تھا
اس نوجوان نے وہاں لکڑی کے ٹال پر سو رہے چوکیدار سے پوچھا کیا تم نے ادھر سے
کوئی ٹرک گذرتے دیکھا اس نے کہا ہاں تقریباً دو گھنٹے پہلے ایک سرکاری ٹرک
یہاں آیا تھا اس نے کچھ سے دس من لکڑیاں جلانے کی شکل میں روٹی پکانے
کے نام پر خریدی تھیں اس نوجوان کو یقین ہو گیا کہ رات 12 بجے کے
بعد جو سرکاری ٹرک یہاں لکڑیاں خریدنے آیا وہ ملٹری کے ٹھیکیدار کا
ٹرک ہی نہیں ہو سکتا پھر یہ وہی پولیس والا ٹرک ہے جو ہیرانگر سے دہشت گردوں
کی تلاش کر رہا ہے اس نے اس ٹال والے سے پوچھا لکڑی کا وہ ٹرک کدھر گیا اس
نے کہا پٹھان کوٹ کی طرف وہ نوجوان تیزی سے پٹھان کوٹ کی طرف دوڑنے لگا لیکن پھر
دیکھا ایک پیٹرول پمپ والا آدمی اپنے دفتر میں بیٹھا سگریٹ پی رہا تھا اس نے اس
سے پوچھا اتنی رات کو کون سی گاڑی آ رہی ہے کہ پاس پیٹرول ڈلوانے آتی ہے جو تم جاگ
رہے ہو وہ بولا صاحب ان دنوں کوئی گاڑی رات کو نہیں چلتی ہے مگر جا بجا دہشت گردوں
کی وجہ سے چیکنگ چل رہی ہے میں آرام سے سو رہا تھا کہ ایک سرکاری جیپ ٹرک یہاں آیا
ایک پولیس افسر نے مجھے جگا کر دو گیلن پیٹرول ایک کین میں ڈلوایا اور وہ بسوہلی روڈ پر
چلے گئے وہ نوجوان رات کے اندھیرے میں بسوہلی روڈ پر چلنے لگا تھوڑی دور جانے پر
سامنے جنگل کی طرف سے ایک ٹرک آتا دکھائی دیا روشنی دیکھ وہ نوجوان
جھٹ جھاڑیوں کی آڑ میں چھپ گیا جب ٹرک اس کے پاس سے گذر گیا
تو وہ نوجوان اسی جنگل کی طرف بڑی تیزی سے بھاگا رات کے تقریباً 4 بجے تھے

بیٹوں کا ماتم بیٹھ چکا تھا جنگل میں دور دور سے کسی جگہ لکڑیاں جلتی دکھائی دیں وہ تب وہاں
پہنچا دیکھ کر ٹکڑے ٹکڑے ہوئے جسم ادھر پڑے ہوئے ہیں اور لکڑیاں بھی ادھوری جل کر بجھ
جانے سے دونوں لاشیں ادھ جلی لکڑیوں پر پڑی ہیں اس نے ایک ایک لاش کو کندھے پر
اٹھائی اور جنگل میں پہنچ کر جھاڑیوں میں چھپا دیا دسمبر مہینہ چل رہا تھا سردی بھی زوروں کی پڑ رہی ہے
اور دریا راوی میں ان دنوں پانی بھی بہت کم ہوتا وہ پیدل دریا سے گذر کر تھوڑی دور میر شاہ پور
کنڈی پہنچا وہاں سے دو بوریاں اور اپنے دو چار رشتہ دار کچھ ساتھیوں کو بلا لاشیں بوریوں
میں بند کر دن نکلنے سے پہلے ہی ان لاشوں کو شاہ پور کنڈی میں لا کر چھپا دیا اور شام
کو اپنے ہی کسی مہربان ساتھی کے ٹرک پر ڈال کر ان ادھ جلی لاشوں کو دلی پارلیمنٹ
کے سامنے رکھا اور دنیا کو ان ظالموں کے کارناموں کا بھانڈا پھوڑ دیا پورے بھارت دیش
میں یہ ادھ جلی لاشیں دیکھ شیخ کے خلاف ایک جوالا ~~بھڑک اٹھی~~ بھڑک اٹھی ہاتھوں ہاتھ لیکر
گیا بھاری ٹیک ورنا بابو کے بچہ جاریوں کی کالی کرتوتوں کو ننگا کر دیا جگہ جگہ ہڑتالیں اور
نیرو سرکار اور شیخ سرکار کے خلاف مظاہرے ہونے لگے ہندو کا شکار سن کر دہل گئی
ان لاشوں کو پھر واپس ~~پھر~~ پھر ننگلا لاڈسی سکول کوٹھ کے راستے میں بحرت
اور وہاں سے سنسکار کیا گیا ان کی راکھ کو ہزاروں لوگوں نے مٹھی مٹھی بھر نام کر اپنے اپنے
سر پر دھارن کر قسمیں کھائیں کہ اب چاہے ہمیں کتنی بھی قربانیاں دینی پڑیں ہم
اس حکومت کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے زمین رو رہی تھی آسمان رو رہے اور رو رہے تھا
~~ہائے~~ پتھر دل رکھ کر ~~نہتا~~ نہتا جوان سینے پر رکھے تھا ان لاشوں کو کندھے پر اٹھا ساری رات
زبردست مقابلہ کرنے والا نہ ہی تو کوئی الہ دین کا چراغ ~~تھا~~ اور نہ ہی کسی چراغ کا
جن تھا اور نہ ہی الف لیلیٰ کا کوئی جادو وہ بھی ہماری ہی طرح ایک سیدھا سادہ نوجوان گجیل
بھولی بھالی سی ایک سادہ دل کا زیرہ کرنا دوبارہ کا ناٹک تھا ہوشیار کو ~~[illegible]~~ ہوئے
رکھی قلم میں تب شہنا

جنرل 20

ہیرانگر میں پولیس کی گولی سے شہید ہونے والوں میں ایک تھا بھیکھ سنگھ اور دوسرا نوجوان عمر
کا لڑکا بہاری سنگھ جس کی شادی ابھی 2 مہینے پہلے ہی ہوئی تھی 21 سال کی
عمر تھی اس کی ۔ بہاری سنگھ کی نئی بیاہی پتنی کی مہندی کا رنگ بھی ابھی پھیکا نہیں
پڑا تھا ان ظالموں نے مہندی کی جگہ خون رنگ دیا اس دیوی کے سہاگ کا
چوڑا ٹوٹ گیا ماتھے کی بندیا اور مانگ کا سیندور ان درندوں نے مٹا دیا
اس کا قصور صرف یہی تھا کہ وہ اپنے ہی دیس بھارت کا ترنگا لہرا رہا تھا۔
جب وہ بھارت ماتا کی جے کے نعرے لگاتا آگے بڑھ رہا تھا دونوں کی شہادت نے
کشمیر میں وطن کا ڈھنڈورا پیٹنے والے گاندھی کے چیلوں والوں کے لیے ہر دل
میں ایک دہشت اس بات کی تھی کہ یہ حکومت ظالم اور خونی ہے بجائے نوجوانوں نے
اس رات ان لاشوں کو ٹرک پر ڈال ہیرانگر سے نکال کر اس جگہ کو خون
کے نشان مٹا اور لمبی روڈ پر دور گھنے جنگلوں میں ان لاشوں کے جلانے والے
درندوں کے نام جان لیجئے یہ سارا کام رجب سنگھ انسپکٹر اور ڈپٹی انسپکٹر
پنڈت شام راجنی ہیرانگر والا اور 12 سپاہیوں نے کیا تھا سارے دن کی دوڑ دھوپ
بعد کے پتا چلا ان لوگوں نے تھانہ لنبٹ پور جو سنکار کرنے والی جگہ سے ½ میل کے
فاصلہ پر تھا وہاں کے ہیڈ کانسٹیبل کرپٹی داس اور رنجو داس جو اسی تھانہ کے 3 سپاہیوں
کو بلا کر انکی مدد سے لکڑیاں ڈال ان پر ان دونوں شہیدوں کی لاشوں کے
اوپر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی پیٹرول کی آگ ایک دم بھڑک اٹھی تب انہوں
نے صحیح بات پورے ہیڈ کانسٹیبل وڈرسی تھانہ کے سپاہیوں ڈیوٹی لگائی کہ صبح تک
جسم سے لگ بھگ دیکھیں جب تک پھر نہ کچھ کہا یا نہ بچا تب تک گھیرا رہو گے ہیں
تم لوگ یہاں جب تک لاشیں پوری طرح جل کر بھسم بھسم نہ ہو جائیں یہاں

پیچھے رہ جب لاشیں جھلس جھلس جائیں تو یہاں کی راکھ اور لکڑیاں وغیرہ اٹھا دور کسی
جگہ زمین میں دبا دینا تاکہ کوئی نشان باقی نہ رہ جائے یہ کہہ کر انسپکٹر صاحب سنگھ انسپکٹر
تاراپنی بعد میں دوڑنا کے ساتھ آئے پولیس کے سپاہی دوسرے سپرنٹنڈنٹ چلے گئے دوارکا ناتھ
جو اس شوٹ کا پیچھا کر رہا تھا اس نے گاڑی کو کوٹتے دیکھ وہ لاشوں کے جلانے کی جگہ
پر پہنچ پایا تھا راستے میں ملا گیا تھا جب دلی یا رحیٹ کے سامنے ان لاشوں اور دم ملی
لاشوں کو پورے عبارت کے لوگوں نے دیکھا تو بچے بچے کی زبان پر اس بہادر
نوجوان دوارکا ناتھ کا نام آ رہا دوارکا ناتھ کو گرفتار کر لیا گیا جموں کشمیر کی پولیس
نے ہر چند کوشش کی جگہ جگہ چھاپے مارے مگر وہ اس میں کامیاب نہیں ہوئے
ابھی یہ ہیرالڈ کی شہادت کی داستان چل ہی رہی تھی کہ ایک سپاہی نے
آ کر کہا آج ساری ہندو قوم یتیم ہو گئی آپ لوگوں کا سب سے بڑا ہیرو شہید
اس دنیا میں نہیں رہے آج 22/23 جون کی رات ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی
رات 3 بج کر 45 منٹ میں وفات ہو گئی یہ خبر سنتے ہی ساری جیل میں چیخ پکار
پہنچ گئی تمام ہمارے تمام ستیہ گرہی دھاڑیں مار مار رونے لگے ہر ایک کی زبان
پر ایک ہی بات تھی ڈاکٹر صاحب کو کیوں مارے گئے میں نے اپنے راستہ کے
سب سے بڑے کانٹے کو نکال پھینکا اندر میں چھپ آ یار نے خبر دی کہ ایک سپیشل
ہوائی جہاز سے ڈاکٹر صاحب کی لاش کو کلکتہ کلکتہ لیجایا گیا ہے لاش کے ساتھ
شری ٹیک چند پنڈت گورو دت اور پنڈت پریم ناتھ جی بھی گئے ہیں لاش کو
پہلے دلی لیجایا جائیگا اور پھر کلکتہ جہاں ڈاکٹر جی کی بوڑھی ماں اپنے بیٹے کے
انتظار کی گھڑیاں گن رہی ہو گی وہاں لیجائی جائیگی ہم جیل میں کسی بھی
ستیہ گرہی نے کھانا نہیں کھایا سوائے رونے کے اور کسی کو کوئی بات

سوجھ بوجھ ہی نہیں رہی تھی شام کے وقت جو اخلاقی کشمیری قیدی حوالات میں بیٹھے ہیں
لائے گئے انہوں نے آکر سنایا کہ آج سری نگر کے لال چوک مہاراجہ بازار میں کشمیری پنڈتوں
کی تمام دکانیں بند تھیں پولیس نے دکانیں کھلوانے کی ہر چند کوشش کی
کسی بھی ہندو دکاندار نے دوکان نہیں کھولی - ڈاکٹر مکرجی صرف بنگال کے ہی نہیں
پورے بھارت ورش کے رہنما بن گئے تھے ڈاکٹر صاحب کا نام ان چند ہستیوں میں
لکھا جائے گا جن کی یادگار امر ہے ڈاکٹر صاحب آج بھی ہر دلوں میں زندہ ہیں
بعد میں خبر ملی کہ ڈاکٹر صاحب کی موت کی خبر سے سارے بھارت ورش میں سرکاری
جھنڈے آدھے جھکا دیئے گئے تھے ملک کے تمام اسکول کالج دفتر سوائے ہماری ریاست کے
تمام سرکاری دفتر کالج اسکول تین دن بند ہو گئے تھے ڈاکٹر صاحب کی
موت کی خبر جب تک ہمیں جیل میں نہیں لگی تھی ہم خود حیران تھے کہ صبح صبح ڈپٹی جیلر
تمام مسلمان قیدیوں کو مبارک دے رہا تھا اور شہد پوریاں مٹھائی بھی بانٹ رہا تھا
ہم نے سوچا کہ ڈپٹی جیلر کے گھر کسی لڑکے کی شادی ہو گئی یا اور کوئی خوشی کی
بات ہو گی مگر یہ نہیں معلوم تھا کہ یہ ڈاکٹر صاحب کے مرنے کی خوشی منا رہا تھا
24 جون آج صبح سویرے ہر بیرک کے سارے بیٹھ گئے پانی کی
ٹینکی کے پاس رکھے ہوئے گھڑے میں پانی سے ڈاکٹر صاحب کو شردھانجلی دے رہے
تھے کہ اور ڈاکٹر صاحب آتما کی سدگتی اور شانتی کیلئے پرارتھنا کر رہے تھے
کہ اتنے میں ڈپٹی جیلر آیا اور بولا شام ہوتے ہی اکٹھے ہو کر کیا سازش کر رہے
ہو سب چلو اپنے بیرکوں میں تمام لوگ غصہ میں بھرے ہوئے تھے کہ یہی شیطان
کل سب مسلمانوں کو مبارک دے کے مٹھائی بانٹ رہا تھا مگر بے بس ہو کر ہم
سب اپنی بیرکوں میں چلے گئے کل دن رات نہ کسی نے کھانا کھایا تھا

اور نہ ہی پانی تک پیتا تھا۔ 25 جون تاریخ کی اخبار قدرت میں پڑھا کہ ڈاکٹر مکرجی کی
نعش کو کلکتہ پہنچائی گئی اور وہاں سے شمشان تک لاکھوں لوگ پشپ برشا کر رہے تھے
پورا بنگال ڈرس دو دن تک ان کے درشن کرنے اور ان کی انتم سنسکار میں رکا رہ گیا تھا
دوسری طرف شیخ صاحب نے اخبار میں بیان دیا کہ ڈاکٹر مکرجی کافی دنوں سے بیمار تھے بڑے
سے بڑے ڈاکٹر نے ان کا علاج کیا مگر ان کو بچایا نہیں جا سکا۔ اس شام کو محمد حسین
بخاری اکبر اور میتا خان سپاہی ان قیدی ہماری بیرک میں ڈاکٹر مکرجی کی موت
کا افسوس کرنے آئے اور دوسری طرف سے بہت سے کشمیری مسلمان سپاہی ایک دوسرے
کو مبارکیں دے رہے تھے اور فاضل ڈپٹی جیلر کچھ بولا نہیں سمجھ رہا تھا۔ اس رات بنارسی داس
شاستری والا اور منیر ارشد کنور والا دونوں بیمار ہو گئے پہلے تو کافی دیر برداشت کرتے
رہے مگر جب تکلیف برداشت سے باہر ہو گئی تو باہر پہرے پر بیٹھے ہوئے وارڈن کو
بلایا کہ ڈاکٹر کو بلا لاؤ تھوڑی دیر بعد وارڈن نے آکر کہا کہ ڈاکٹر کہتا ہے اس
وقت رات کو نہیں میں صبح کل دن کو آکر بیماروں کو دیکھوں گا اب دونوں کی
رات کیسے کٹی یا تو ہم بیرک والے لوگ جانتے ہیں یا بھگوان جانتا ہو گا
دوسرے دن 26 جون کو ڈاکٹر آیا اور پوچھا کون ہے بیمار جو رات مجھے بلانا
چاہتا تھا ہم میں سے کسی نے بھی ڈاکٹر کو کوئی جواب نہیں دیا اس نے
بار بار پوچھا تم لوگ بتاتے کیوں نہیں کہ کون بیمار ہے اس کو اتنا کہنا ہی تھا کہ
پوری بیرک سے ایک ہی آواز آئی جواب دینا تو دور ہم لوگ تمہاری شکل
بھی نہیں دیکھنا چاہتے تم خونی ہو قاتل ہو درندے ہو جب تک جاؤ نہیں ایسا نہ ہو کہ جو جوالا
ہمارے اندر بھڑک رہی ہے تمہیں جلا کر خاک نہ کر دے تم نے ڈاکٹر مکرجی کا قتل
کیا ہے اب ہم لوگوں کو بھی مارنے کا ارادہ ہے جب تک جاؤ اور آئندہ بھی

اپنی منحوس صورت ہمیں نہیں دکھانا ڈاکٹر خود ہی بیرک سے بھاگ گیا باری باری تمام
بیرکوں میں گیا مگر ہر بیرک سے اسے پھٹکار ہی ملی دوسرے دن کسی نے اس ڈاکٹر کو
جیل میں نہیں دیکھا یا تو وہ خود ہی نوکری چھوڑ کر بھاگ گیا یا عبداللہ سرکار نے اسے مکرجی
کا قتل کرنے کیلئے انعام دیکر گھر بھیج دیا کیونکہ ڈاکٹر مکرجی کا علاج یہی ڈاکٹر
کر رہے تھے 29 جون ترنگ کے خوبصورت اخبار میں شیخ کا بیان چھپا تھا شیخ نے بیان
دیا تھا کہ یہ جن سنگھ والے ہندو مہا سبھا والے - رام راجیہ پریشد والے ہماری حکومت
کو زور زبردستی بھارت کے ساتھ شامل کر کے ڈاکٹر مکرجی کی موت کا الزام
میری حکومت پر لگا کر ہم سے بدلہ لینا چاہتے ہیں

2 جولائی ہم لوگوں کی پھٹکار سن جب ڈاکٹر رینہ پھر جیل میں نہیں دیکھا گیا تو
اس کی جگہ ایک نیا ڈاکٹر آیا اس نے ہر بیرک میں جا کر بڑے پیار سے ہر بیمار
کو اچھی طرح چیک کر دوائی دی اور جب بھی مریضوں کو جو خوراک مناسب تھی
دینے کی ہدایت کی ہم سب حیران ہو کر ڈاکٹر کا منہ دیکھنے لگے ہماری طرف دیکھ
ڈاکٹر بولا آپ بڑی حیرانگی سے میری طرف دیکھ رہے ہیں کیا کوئی خاص بات ہے
کیا مجھ سے پہلے آپ بیمار لوگوں سے کسی اور طرح کا برتاؤ ہوتا تھا میں
نے کہا ڈاکٹر صاحب دودھ انڈے ڈبل روٹی یا مکھن تو ایک طرف ہمیں روٹی
کے بدلے چاول اور چاول کے بدلے روٹی مانگنے پر بھی پٹھان کی طرف سے ڈنڈے
اور گالیاں کھانے کو ملتے تھے اس کارن ہم حیران ہو کر آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں
کہ آپ کا بات کرنے کا ڈھنگ مریض کیلئے ضرورت مطابق خوراک اور آپ
کا مریض کے پرتی ہمدردانہ رویہ ہم پہلی بار ہسپتال کے اندر دیکھ رہے ہیں ڈاکٹر بولا
میں نے رجسٹر دیکھا ہے وہاں تقریباً ڈیڑھ سو بیماروں کو مکھن بریڈ - انڈے وغیرہ کا خرچ

دکھایا گیا ہے آج کل اخباروں میں آپ کی شکایت سن حیران ہوں کہ لاچار اور قیدی لوگوں
پر زندہ رہنا بڑا دشوار ہے لیکن رکھیں جو کچھ لائے کھوٹ پہلے ہوتی تھی اب پھر
نہیں ہوتی۔ 5 جولائی آخر شام تقریباً 7 بجے سری نگر پولیٹیکل کانفرنس کے کچھ لوگ
قید کر جیل لائے گئے وہ کھلے طور پر باہر کے سپاہی گرم گرم رہتے تھے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ
ہم قیدی نہیں کوئی خاص V.I.P لوگ یہاں سیر و سیاحت کیلئے آئے ہیں نہ ہی ان
پر کسی قسم کا کنٹرول نہ ہی کسی بھی ولد کا ان پر کسی قسم کا دباؤ اور نہ ہی کسی نے ان
کو سپاہیوں کو کوٹھڑی میں پہنچانے کا حکم دیا ایک دن ہم بھی جب اس جیل میں آئے تھے اس
سلوک کو یاد کر رہے تھے اور تنگ کوٹھڑی میں ہو جاتے ہیں سپاہیوں کی کوٹھڑیاں بند اور ان اور دوسری
قیدیوں کا بھی یہی حال تھا پولیس کی طرف سے ہم پر پٹائی ہونے کے بعد پورا ایک مہینہ ہم ایک
دوسرے کی شکل تک بھی نہیں دیکھ سکے تھے اور جب ہی ان سپاہیوں کو سپاہیوں کو کوٹھڑیوں سے باہر
کر دیا جاتا تھا تو ان لوگوں کی شکل بھی نہیں پہچانی جاتی تھی آخر رات پونے دس اور بارہ
بجے کے قریب جیل کے باہر بڑے زوروں سے نعروں کی آوازیں آنے لگیں اور کبھی کبھی
فائرنگ کی آواز بھی آ رہی تھی سپاہی لوگوں سے پوچھا یہ سب کیا ہے ان کی زبانی
پتہ چلا کہ پولیٹیکل کانفرنس والوں کا جلوس بڑے زوروں سے شروع ہو گیا ہے
جن کے نعرے صرف یہی ہیں ہم چاہتے ہیں ہندوستان کی حکومت ہندوستان کی فوج
ہم آزاد ہو گئے ہیں اور آزاد ہی رہیں گے ان باتوں سے دوستو پتہ ہوتا تھا
کہ یہ سب شیخ کی مرضی سے بغاوت کے خلاف ہو رہے ہیں ان کا نعرہ تھا ہم نے بغاوت کے
ساتھ صرف تین باتوں کیلئے ناطہ جوڑا ہے ان کے غلام بننے کیلئے نہیں بغاوت کی کوئی بات نہیں
ہے ہماری آزادی میں دخل دے یہی بغاوت نے ہمارے اندرونی معاملات میں دخل دینے
کی کوشش کی تو ہمارا ہندوستان کے ساتھ جو فیصلہ ہوا ہے اس کو توڑنے کی تمام ذمہ داری

ہندوستان کے پردھان منتری کی بھی ہے۔ 7 جولائی ہمارا ایک ساتھی ہیتی چند جو کئی
دنوں سے بیمار تھا اس کو سری نگر کے ہسپتال میں داخل کر دیا گیا تھا اب وہ کچھ حد تک
ٹھیک ہو کر واپس آ گیا ہے اس نے ذکر بتایا کہ جس ہسپتال میں مجھے رکھا گیا تھا اسی
ہسپتال میں ڈاکٹر مکرجی کو بھی رکھا گیا تھا مگر ان کی نہ ہی تو ٹھیک طرح سے دیکھ
بھال ہو رہی تھی اور نہ ہی صحیح علاج ہو رہا تھا بالکل لاوارث انسان کی طرح
ان کا ~~پر سلوک ہو رہا تھا~~ ان کے ساتھ سلوک ہو رہا تھا ایک نرس کبھی کبھی
ڈاکٹر صاحب کے کمرے میں جاتی تھی وہ کئی بار ذکر کرتی تھی کہ اتنی بڑی ہستی
کو ہسپتال میں بنا کسی ٹھیک ڈھنگ سے علاج کیا جا رہا ہے اور نہ ہی کوئی ان کی
ٹھیک ڈھنگ سے دیکھ بھال کی جا رہی ہے

8 جولائی آج فیرامپور کا بھائی جو بھارتی فوج میں صوبیدار کی پوسٹ پر سری نگر (کنٹونمنٹ میں) ہیڈکوارٹر پر ہے
مجھے ملنے جیل میں آیا مگر جیل کی ڈیوڑھی میں میری اس سے ملاقات کروائی گئی اس کی
زبانی پتہ لگا کہ پنڈت نہرو کی اپیل پر پورا پنجاب کا اندولن بند ہو گیا ہے اور امید ہے
چند دنوں کے اندر تمام ستیہ گرہی بندی رہا کر دیئے جاویں گے یہ خبر تو ہنوز
نے آل انڈیا ریڈیو پر سنی تھی ڈیوڑھی کے اندر عینک نے برشی کا ریکوشل رہا ہے والا
گوپال داس سمیر جون نوری اور خفیہ چند گردھ والے جو لنگر خانہ میں بند تھے
اخباروں میں بھی مشاعروں میں خیر خیریت دریافت کی

9 جولائی آج کل بہت گرمی ہو رہی ہے نلکے کا پانی آج 2 روز سے بند ہے
ہمارا خیال تھا شاید جیل والوں کو معلوم نہ ہو اس کارن پانی بند کر دیا ہوگا

13 جولائی نلکے کا پانی کئی روز سے بند ہونے کے کارن ہمیں دونوں وقت روٹی
کے ساتھ ایک ڈبہ پانی پینے کو ~~ملتا~~ ملتا تھا آج شام 7 بجے ڈپٹی سپر

نے آکر دفعہ ۳۷۰ کے تحت جو حقوق بند ہیں وہ سب ریاستی عوام کو بھی ملنے چاہئیں
اور باقی جموں کشمیر کا الحاق ایک ایک کر کے باہر ہو جاؤ ہم سب دفعہ ۳۷۰
کے قیدیوں کو ۱۰ جیل سے باہر کھڑی بسوں میں بٹھا کر رات ۹ بجے بسیں سری نگر
سے جموں کیلئے روانہ ہوئیں ۱۷ جولائی صبح تقریباً ۱۰ بجے ہماری گاڑیاں جموں
جیل کے پھاٹک پر آکر رکیں ہم سب سے وہ قیدی لیکر جیل تک جانے کی اجازت
دی گئی پھر رکے تو روز بعد پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ اور ان کا ساتھ دو رہا تھا
سے ڈوگرہ لکھ رہی کی رستھیاں لیکر بذریعہ ہوائی جہاز جموں آئے جموں شہر میں ڈوگرہ جی
کی رستھیاں کا جلوس نکلا جموں کی سڑکوں میں اتنا وشال جلوس آج تک
کبھی نہیں نکلا تھا کچھ دنوں بعد تمام ستیہ گرہیوں کو جیل سے رہا کر دیا گیا
اب شیخ عبداللہ ہر روز بھارت کے خلاف زور دار پرچار کر رہا تھا کچھ روز
بعد شیخ کو گرفتار کر جیل بھیج دیا اور بخشی غلام محمد کو ریاست
کا چیف منسٹر بنایا گیا بخشی کے راج میں دھارا ۳۷۰ آہستہ آہستہ گھسنے لگی
جب دہ کے بعد سے قانون ریاست میں لاگو ہونے لگے دھارا کو ~~کھسکنے~~ گھسنے لگی
مگر وہ بہت سست رفتاری سے گھس رہی ہے
پہلے میں نے الگ الگ اقساط میں لکھا۔ پہرانگر اور رام بن میں ہوئے شہیدوں
کا ذکر کیا ہے جیل سے باہر آنے پر پوری تفصیل ان شہیدوں کی ملی
~~جو اس طرح ہے سب سے پہلی شہادت ... میں ... کی ... جاری~~
~~ادھم پور ... دنوں ... دیوی ...~~

دفعہ 370 کو ہٹانے کیلئے ہوئے شہیدوں کی لسٹ

1. [illegible] سنگھ [illegible]

ہیرانگر
2. بہاری لال
3. بھیکم سنگھ

سامبہ
4. دیوی سرن
5. شیو راجی
6. [illegible] داس

سندربنی
7. کرشن لال
8. بابا رام جی داس
9. بیلی رام

جوڑیاں چھمب اکھنور
10. نانک چند
11. بسنت چند
12. بلدیو سنگھ
13. سائیں سنگھ
14. دریام سنگھ

اور سب سے پہلے بلیدان ڈاکٹر مکرجی بنگال والے

یہ ہے دھارا 370 جس کو میں نے [illegible]

دھارا کی نام دیا ہے جو شمار 1 سے شمار 15 پر پوری لکھی گئی ہے

اپنی یادداشت کی کمزوری اور پرانی ڈائری کسی جگہ کاغذوں پر نہ لکھ

چھوٹے چھوٹے کاغذوں کے ردی ٹکڑوں پر لکھ کسی طرح بھی جیل کے حاکموں

کی نظروں سے بچا باہر لا کر ان ٹکڑوں کو جوڑ کر لکھی گئی داستان

جس میں کسی پرکار کی غلطی ہو گئی ہو اس کا میں آپ سے کر بدھ جوڑ معافی مانگتا ہوں

([illegible] نگر جموں)

اندر پرکاش جی میرپور نواسی جو آج کل نوشہرہ میں رہ رہے ہیں

ان کی زبانی سال 1947 میں میرپور، راجوری، نوشہرہ وغیرہ میں کیا بیتی وہ خونی داستان
مختصر جو ستی اسکی با تفصیل آپ کے لئے پیش خدمت کر رہے ہیں۔
سال 1947 15 اگست کو جب بھارت آزاد ہوئے جس آزادی کو حاصل کرنے کیلئے ہماری
بھارت واسیوں نے ہزاروں کی تعداد میں قربانیاں دیں مگر بھارت ہی نہیں ملا اسکا ایک
ٹکڑا کٹ گیا بھارت ستقل میں ہی پہلا اس ٹکڑے کو حاصل کرنے کیلئے اتنا خون بہا جس
میں بھارت ماں کے لاکھوں بچے ڈوب گئے ہزاروں عورتیں ودھوا ہوئیں ہزاروں
بچوں کی ماں نے لٹی مگر جن لوگوں کو گدی ملی وہ خوشیاں منا رہے تھے مگر بھارت
رو رہے تھا نہرو نے پاکستان مان گیا مہاتما گاندھی نے کہا پاکستان میری لاش پر
بنے گا مگر آزاد بھارت گاندھی کی لاش پر نہیں ہزاروں دیش بھگتوں کی لاش پر بنا
میرپور بہت پرانا شہر ہے کہا جاتا ہے کہ اس شہر کو دو رشیوں نے بسایا تھا جن میں سے ایک کا
نام تھا میراں شاہ اور دوسرے کا پوری ایک کی سادھی میرپور شہر کے پورب دیشا میں
ہے اور دوسرے کی دکشن دیشا میں میراں اور پوری کو جوڑ کر اس شہر کا نام میرپور پڑا
دیکھا سال 1947 سے پہلے بھی ہندو مسلمان جنتا بڑے پیار سے مل جل کر رہتی تھی
مظفرآباد کشمیر کا ایک صوبہ کا ضلع ہے جو پاکستان کی سرحد سے بالکل نزدیک ہے مہاراجہ ہری سنگھ
نے جب اعلان کیا کہ میری ریاست نہ تو بھارت کے ساتھ اور نہ ہی پاکستان میں شامل ہوگی
میری ریاست آزاد رہیگی اس اعلان کو سن پاکستان کے حاکموں نے 5000 پانچ ہزار قبائلی اور سپاہیوں
کو ساتھ لے 22 اکتوبر 1947 کو ریاست پر حملہ بول دیا رام پور سے ریاست جموں کشمیر کی سرحد
شروع ہوتی ہے رام پور سے تھوڑی دور شمشان گنگا ندی بہتی ہے ریاست کو آزاد
رکھنے کا خیال مہاراجہ ہری سنگھ کو مشورہ دیا مہاراجہ نے دستے بھیجے رام چند کاک نے
زندگی بینڈ سے ریٹ جب میں ہم الیان ریاست کو گرفتار دیا گیا تھا کہ ہم ریاست کے

یا نواب جس بھی دیش میں شامل ہونا چاہیں یا آزاد رہنا چاہیں لیکن پورے ریاست

ہیں۔ مہاراجہ نے اس فیصلہ کے لئے اس وقت کی انگریز سرکار حکومت کو یکم کر دیا

Mon

mango

کے نواب یا راجہ جس ملک میں شامل ہونا چاہیں ہو جائیں اور رعایا چاہے اُن کی مرضی پر ہے یہ راجہ نے
اپنی ریاست کے آزاد رہنے کے بارے میں بھارت کی حکومت کو اطلاع کر دی جیسا کہ پہلے لکھا ہے
کہ ریاست کی سرحد رام پور سے شروع ہوتی ہے اور اس کے تھوڑی دور کرشن گنگا ندی بہتی ہے
اس ندی پر ایک پل ہے اس پل کو پار کرنے پر ضلع مظفر آباد کے چھوٹے چھوٹے گاؤں آباد ہیں
دشمن نے مظفر آباد پر حملہ کرنے سے پہلے ان تمام گاؤں کو اجاڑ دیا اور وہ مار کاٹ مچائی شاید
ہی کوئی زندہ بچ کر بھاگ سکا ہو گا عام طور ان گاؤں میں سکھوں کی آبادی ہے سکھوں نے بالکل ہمت
کا ڈٹ کر مقابلہ کیا مگر دشمن کی بہت بڑی تعداد کے آگے ٹھہر نہیں سکے وہ بھاگ کر سری نگر کی طرف
چلے گئے جب ان گاؤں کو اجاڑ دشمن پل پار کرنے لگا تو ریاست کی فوج کے جوانوں نے اُن کو کافی دیر
پل کے پار روکے رکھا اور پھر یہ کوشش کی کہ پل کو توڑ دیا جائے تاکہ دشمن ریاست کے اندر نہ آ سکے
مظفر آباد شہر دو ندیوں کے درمیان آباد ہے ایک اونچی پہاڑی پر آباد ہے دشمن کا اچھی طرح مقابلہ
کیا مگر ہتھیاروں کی کمی کے کارن دشمن کو نہیں روک سکے دشمن نے شہر میں داخل ہوتے ہی جو بھی سامنے
آیا اُس کو مار گرایا مکانوں کو آگ لگا دی عورتوں نے اپنی عزت بچانے کے لئے مکان کے اندر ہی جلنا
سے لگا لیا مگر دشمن کے ہاتھ نہیں آئیں جو کسی طرح مکان کے باہر دشمن کو دیکھتی وہ بھاگ کر دریا کرشن گنگا
میں چھلانگ لگا کر ڈوب گئیں۔ دشمن آگے بڑھتا بڑھتا گڑھی دوپٹہ رام پور
اوڑی میں پہنچ گیا آگے ہی آگے بڑھتا چلا گیا اور پھر میر پور شہر بھی مظفر آباد کی طرح ایک
پہاڑی پر بسا ہوا تھا اس شہر میں زیادہ تر آبادی مہاجنوں کی تھی یہ لوگ کافی پڑھے لکھے اور
کافی امیر تھے ادھر ادھر چھوٹے چھوٹے گاؤں سے بھاگ کر لوگ میر پور میں شرن لینے آنے شروع
ہو گئے تھے کیونکہ لوگوں کے دل میں ایک وشواس تھا کہ یہاں سرکاری دفتر ملٹری اور بہت سی
پولیس بھی ہے آنے والوں میں زیادہ تر سکھ تھے جو ڈڈیال گاؤں کے رہنے والے تھے یہ لوگ
ہمت ور بہادر اور نڈر تھے مرنا مارنا جانتے تھے مگر دشمن جب بے شمار تعداد اور بے شمار

لوگوں کے ساتھ آیا تو یہ لوگ پانی سر سے اوپر آتے دیکھ کر میرپور کی طرف آنے لگے ڈڈیال اور
میرپور کے درمیان ایک دریا ہے جس کا نام پونچھ ہے ان لوگوں نے جہاں سردیوں کی وجہ
سے پانی کم گہرا تھا وہاں سے دریا پار کر کے میرپور آ گئے دشمن نے میرپور کو گھیرنے کی ہر ممکن کوشش
کی مگر میرپور کے لوگوں نے دشمن کو 3 مہینے تک شہر میں نہیں گھسنے دیا دشمن کی بندوق ٹھک ڈھم کی آواز
آتی تھی دشمن کی تعداد بڑھتی گئی مگر سرکار کی طرف سے میرپور کے لوگوں کیلئے کوئی امداد نہیں آئی
20 نومبر 1947 کو ریڈیو پر منسٹر سردار پٹیل نے دلی سے اعلان کیا جیسے معلوم پڑتا ہے کہ میرپور
دشمن کے گھیرے میں ہے ہم میرپور کے لوگوں کی بہادری کی داد دیتے ہیں اور ان کو یقین دلاتے ہیں
کہ بھارتی فوج کے 6 ہزار جوان چار روز میں آپ کی رکشا کیلئے پہنچ جائیں گے یہ خبر سنتے ہی ہم لوگوں
کے چہروں پر رونق آ گئی مگر 26 نومبر تک بھارت کی کوئی فوج یا کوئی امداد کیلئے نہیں آئی دشمن کی
طرف سے دباؤ بڑھتا گیا ہم لوگ اپنے گھر چھوڑ کر گرلز ہائی سکول میں رکھے گئے تھے کہ وہاں ملٹری کا کیمپ
بھی ہے ہم لوگ وہاں حفاظت سے رہ سکیں گے وہاں جانے پر پتہ لگا کہ وزیر راؤ رتن سنگھ ملٹری کے چیف ہیں
جو اندر جموں کو اپنے ساتھیوں کے ساتھ رات ہی رات جموں کی طرف بھاگ گئے ہیں وہ صاحب ڈوگرہ ملٹری کے صرف
تھوڑے سے ہی سپاہی رہ گئے تھے جب ہم وہاں آئے دیکھو وہ سپاہی بولے آپ لوگ "فوراً" جہاں سے بھاگ
جائیں اب بچنے کی کوئی امید نہیں میرپور کے کچھ نوجوان لڑکے رکے تھے کر مکان کی تیسری منزل پر کھڑے
ہو کر دیکھتے تھے کہ پٹیل کی بھیجی ہوئی فوج شاید آ رہی ہے مگر معلوم پڑا کہ دہلی کے حاکموں نے بھارتی فوج کو میرپور
کی طرف آنے کی بجائے سیدھی نگر کوٹ جموں کی حفاظت کیلئے بھیج دیا ہے ادھر دشمن اب شہر میں داخل
ہو چکا وہ قبائلی پیچھے تو کر کر کے لوٹ رہے تھے گھر بار سامان کو آگ لگا دیتے سارا شہر دھواں دھواں ہو رہا تھا
اور آ رہا تھا دشمن کی گولیوں اور نعروں کی آواز ہماری طرف بڑھ رہی تھی ہم وہاں سے بھاگ نکلنے کے لیے
باہر نکل رہے تھے کہ سامنے پٹھانوں کا ایک بہت بڑا گروہ آتا دیکھا ہمارے نوجوانوں نے ان کا مقابلہ کرتے کرتے
وزیر کی کچہری میں پہنچے پیچھے سے سکھوں کا تو دروازہ بھی تھا دیکھا وہاں آ گئے ہی شہر کی بیتی سی

وہاں شور اٹھے ہوئے تھے مگر ان لوگوں کو ابھی تک یہ پتہ نہیں تھا کہ دشمن شہر میں داخل ہو کر حملے کر رہا
ادھر ہی آ رہا ہے ادھر بھگدڑی کر رہا ہے وہاں تھوڑا بھی اپنے گھر سے نکل کر آئے دیکھ ہم لوگوں
میں کھلبلی مچ گئی جلدی والوں کو بھاگتے دیکھ ہم لوگ بھی دلوں سے نکل کر بھاگنے لگے ابھی چند ہی قدم باہر گئے
ہی تھے کہ سامنے سے دشمن نے ہم لوگوں پر مشین گن کھول دی یہ وہی مشین گن تھی جو سرکار نے ملیشیا
والوں کو ہماری حفاظت کے لئے دے رکھی تھی ہم لوگ جلدی سے کسی کی خندقوں میں چھپنے کی کوشش کرنے لگے
کچھ وقت گذرنے کے بعد ہم میں سے کچھ سمجھدار لوگ یہ کہہ کر خبردار کرنے لگے کہ اب بچنے کی کوئی امید نہیں
نہ ہی ہم اپنی لڑکیوں اور عورتوں کی عزت ان درندوں سے بچا سکتے ہیں بہتر یہی ہے کہ جو ہتھیار ہمارے
پاس تھوڑے سے بچے ہیں ہم اپنے ہی پریواروں پر استعمال کریں یہ فیصلہ ہوتے ہی ہم لوگوں نے دھڑا دھڑ
لڑکیوں اور عورتوں کو مار ڈھیر لگا دیا اتنی دیر میں اندھیرا ہو گیا ہم بچے کچھ لوگ ایک جنگل کی طرف
بھاگے وہاں سے ایک راستہ کسگوما کی طرف اور دوسرا راستہ منادر کی طرف جاتا تھا ابھی سوچ ہی رہے تھے
کہ کس راستے پر چلیں اتنی دیر میں پھر دشمن کی ٹک ٹک بندوق کی آواز آنے لگی ہم سب بھگوان کا نام
لے کے ایک طرف دوڑنے لگے نا معلوم یہ راستہ کدھر جاتا تھا تھوڑی دور پر دیکھا ہماری ہی طرح مصیبت کے مارے
کچھ اور لوگ ایک طرف سے بھاگتے آ رہے ہیں وہاں ہمیں کچھ مکان نظر آئے جو بالکل خالی پڑے تھے ہم نے
ان مکانوں میں گھوم پھر کر دیکھا وہاں پانی سے بھرے کچھ مٹکے نظر آئے پہلے تو ہم پیاس کے مارے ان مٹکوں
سے پانی پینے لگے مگر کسی نے کہا ایسا نہ ہو ان مٹکوں کے پانی میں زہر ملا ہو لیکن کچھ تھوڑے سے منچلے لوگوں نے
پھر بھی پانی پی لیا پانی پیتے ہی کچھ لوگ تڑپ تڑپ کر مر گئے ایک گھر میں ایک بوری میں باجرہ
نظر آیا ہم نے بھگوان کا شکر کیا وہ باجرہ کوٹ کوٹ کر اپنی جیب جیب بھر لیں اور بچوں کی جیبیں بھی بھر دیں
ان لوگوں سے کچھ آدمی اس علاقے کے واقف تھے انہوں نے کہا یہ راستہ کیرن کو جاتا ہے ہم ادھر بڑھنے
لگے تھے کہ ایک جیون نام کے آدمی نے ہمیں روک کر کہا ادھر مت جاؤ ~~کیونکہ کیرن تو~~ کیونکہ کیرن تو پاکستان
سے صرف ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر ہے پھر تو اس وقت تک تباہ ہو چکا ہوگا شناسنی ہم دوسری

طرف بھوک پیاس سے ڈر گئے بچوں کی بُری حالت تھی ہم تقریباً 3 بجے کے قریب ایک پہاڑی کے نیچے
پہنچے بھوک اور پیاس سے سب کی جان نکلی جا رہی تھی پاؤں سے خون بہہ رہا تھا پھر دیکھتے
دیکھتے ایک دو عورتوں نے جن سے اپنے بچوں کا رونا نہ دیکھا گیا برداشت نہ ہو سکا اپنے جگر کے ٹکڑوں
کو دور جھاڑیوں میں پھینک دیا بہت سے تو ابھی زندہ تھے مگر گھٹ گھٹ کر مر گئے کسی کو پتہ نہیں تھا کہ میرا
کون کون سا پریوار کا آدمی ہے بھی یا نہیں زندہ ہے یا مر چکا ہے کسی کو ایک دوسرے کا علم نہیں تھا ہر
ایک کو اپنی ہی جان پیاری ہوتی ہے وہ پہلے اپنی جان بچانے کی خاطر بھاگ رہا تھا کسی طرح چلتے
چلتے تیسرے دن پہنچے ہم لوگ اس پہاڑ کی سردی میں تھر تھر کانپ رہے تھے اور اتنی سردی کے کارن
اکڑ کر مر گئے اتنی دیر میں دیکھا کہ کچھ فوجی آئے انہوں نے ہمیں سردی اور بھوک سے تڑپتے دیکھ
اپنے کمبلوں میں لپیٹ دیا انہوں نے آگ جلا رکھی تھی اور اس آگ پر مکئی کے بھٹے بھون بھون
ہم سب کو کھانے کو دیئے اور آگ کی گرمی سے ہم لوگوں کے جسم میں جان آئی وہاں کچھ دیر آرام
کرنے کے بعد ہم لوگ آگے چل دیئے جب ایک پہاڑ کی چوٹی پر جانے سے ہمیں وہاں سے شفیلدہ قصبہ نظر آیا
لیکن اس طرف جانے کی کسی کی ہمت نہیں ہو رہی تھی وہیں بیٹھے رہے جان کو کوئی خطرہ نہیں تھا کیونکہ دشمن
پہاڑ کی دوسری طرف تھا پہاڑی سے نیچے اتر کر ایک راستہ پر بڑھے سامنے ایک پانی کا نالہ بہتا نظر آیا
ہم لوگ کئی روز سے پیاسے تھے نالہ دیکھتے ہی ہم سب لوگ بھیڑ بکریوں کی طرح پانی پر ٹوٹ پڑے پانی پی کر
آگے بڑھے تو دیکھا وہاں بہت سے فوجی ہزاروں کی تعداد میں کھڑے بندوقیں لیے کھڑے تھے وہ علاقہ مظفرآباد کا تھا
ہم سب لوگ دوڑ کر ان فوجیوں کے پاس پہنچے ہم سب نے ان فوجیوں کو قصہ سنایا کہ ہم لوگ
پریوار کو تباہ کر کے چلا ہے جو بندوقیں توپ کے بارے میں ہیں کیا یہ کھلونے ہیں جو آپ لوگوں نے سرکار نے
کیسے کیسے دے رکھے ہیں کیوں نہ توپ لوگوں نے آگے آکر ہمیں دشمن سے بچایا ہماری حالت دیکھو
کیا ہو رہی ہے ہماری بیٹیاں عورتیں بچے تڑپ تڑپ کر آپ کی توپوں سے کچھ دشمن کی ٹولیوں
سے گھبرا کر پہاڑی پر ہماری بہت سی بیٹیوں نے کشتی کنوؤں اور دریا میں کود کود اپنی آبرو

بچانے کی خاطر جا رہی تھی۔ ہماری بائیس رائفل جوانوں کی ٹانگوں میں زخم ہو گئے ہوئے تھے
ہزاروں کی تعداد میں تربیت یافتوں کے ساتھیوں کے مرنے عورتوں کی عزت لٹنے کی خبریں مل رہی تھیں
مگر کیا ہوا ہم ابھی راستہ میں دشمن کو مارتے ہوئے پیریٹ کرتے یہاں تک پہنچے ہی تھے کہ
پیچھے ہیڈ کوارٹر سے ایک حکم رکنے کا حکم مل گیا کیونکہ پنڈت نہرو نے ۰۷۰۵ لا کی سیز فائر کی
شرط مان لی تھی ہمیں آگے بڑھنے سے روک دیا گیا اگر ہمیں رکنے کا حکم نہیں ملتا تو ہم کبھی کے میرپور
سے مار کر دشمن کو ختم کر دیتے ہم نے پوچھا جو سردار پٹیل نے دلی سے ہماری رکشا کیلئے فوج بھیجی تھی وہ کیوں
نہیں آئی تو انہوں نے کہا وہ فوج شیخ نے اپنے بچوں کی رکشا کیلئے سری نگر کی طرف بھیج دی تھی جموں
بھیجنے بھیجا تھا ہم نے نوشہرہ وغیرہ کا تمام علاقہ دشمن سے خالی کروا لیا تھا مگر بدقسمتی ہم افسران کے
حکم کی حکم عدولی نہیں کر سکتے تھے آپ اب بے فکر ہو کر تھوڑی دیر آرام کر لیجئے آپ یہاں سے
آپ سب ہو کے ٹرکوں پر جموں جا سکتے ہیں ہم تھوڑی دور ترئٹ کوٹلی کے لوگوں کو نکالنے
کیلئے گئے ہیں وہ آتے ہی ہونگے ہمیں یہ سن کر خوشی ہوئی کہ کوٹلی دشمن کے نہیں ہمارے ہی قبضہ میں ہے
میرپور کے اجڑنے کے سات دن بعد کوٹلی کے لوگ جھنگڑ پہنچے کوٹلی میں تمام لوگوں کو اپنے جوانوں
نے آرپار کا ہی رہنا ضروری سامان لیکر آنے کو کہا وہ تمام کوٹلی کے لوگ دو دن آرپار کے ساتھ اندر
میں رکھے پھر ٹرکوں پر بیٹھ حفاظت سے کوٹلی سے نکل کر ابھی چل دیا جب جھنگڑ پہنچنے کے پل تک ہی پہنچے تو
کہ دشمن کا ایک گولہ اوپر آ نکلا مگر کیا تی فوج کے آگے وہ ایک گھنٹہ تک بھی نہیں پکڑ سکا پل کو بچا کر جوانوں
